## بے گناہ شہریوں کا قتل اسلامی تعلیمات کی کھلی نفی ہے، الطاف حسین

## درہ آدم خیل میں خودکش بم دھماکے پر الطاف حسین کا اظہار مذمت

لندن۔۔۔2، مارچ 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے درہ آدم خیل میں جرگے میں خودکش دھماکے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور بم دھماکے میں درجنوں افراد کے ہلاک وزخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ قبائلی علاقہ جات میں مسلسل خودکش حملے اور بم دھماکوں میں بے گناہ شہریوں کی ہلاکتوں کے واقعات ملک بھر کے عوام کے لئے گہری تشویش کا باعث ہیں۔انہوں نے کہا کہ بے گناہ شہریوں کا قتل اسلامی تعلیمات کی کھلی نفی ہے اور جو عناصر اپنے مذموم مقاصد کیلئے بے گناہ شہریوں کو خاک وخون میں نہلا رہے ہیں وہ مسلمان تو کجا انسان کہلانے کے بھی مستحق نہیں ہیں۔ جناب الطاف حسین نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ قبائلی علاقہ جات میں خودکش بم دھماکوں کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے اور ملک بھر میں حفاظتی اقدامات بہتر بنانے کیلئے ٹھوس اور مثبت اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔ جناب الطاف حسین نے خودکش بم دھماکے میں جاں بحق ہونے والے افراد کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ جاں بحق ہونے والے افراد کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ جناب الطاف حسین نے خودکش بم دھماکے میں زخمی ہونے والے افراد کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے بھی دعا کی۔

## ایم کیو ایم ملک کی بقاء وسلامتی اور جمہوریت کے فروغ کیلئے اپنا کردار ادا کرتی رہے گی، الطاف حسین

## عام انتخابات میں ایم کیو ایم نے بھاری مینڈیٹ حاصل کیا ہے، چوہدری شجاعت حسین

## آپ نے دلائل کے ساتھ مسلم لیگ نواز گروپ کے دہرے معیار کو اجاگر کیا ہے، سینیٹر مشاہد حسین

## نائن زیرو عزیز آباد میں مسلم لیگی رہنماؤں کی آمد پر الطاف حسین کی ٹیلی فونک گفتگو

لندن۔۔۔2، مارچ 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ ایم کیو ایم جمہوریت پسند جماعت ہے اور وہ ملک کی بقاء وسلامتی اور جمہوریت کے فروغ کیلئے اپنا کردار ادا کرتی رہے گی۔ یہ بات انہوں نے اتوار کے روز اپنی رہائش گاہ نائن زیرو عزیز آباد میں مسلم لیگ (ق) کے رہنماء چوہدری شجاعت حسین، سینیٹر مشاہد حسین اور مسلم لیگ (ق) صوبہ سرحد کے صدر امیر مقام سے ٹیلی فون پر گفتگو کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار، رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم، رابطہ کمیٹی کے رکن سینیٹر بابر غوری، رابطہ کمیٹی کے دیگر اراکین اور مسلم لیگی رہنماء غفار قریشی، علیم عادل شیخ اور طارق حسن بھی موجود تھے۔ جناب الطاف حسین نے اپنی رہائش گاہ آمد پر مسلم لیگی رہنماؤں کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ مسلم لیگ (ق) سے ایم کیو ایم کے دیرینہ تعلقات ہیں، اس کے ساتھ ہمارا دوستی اور محبت کا رشتہ ہے جو قائم رہے گا اور پرانے دوستوں کو بھلانا ایم کیو ایم کی روایت نہیں ہے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیو ایم جمہوریت پسند جماعت ہے۔ایم کیو ایم خواہ اپوزیشن میں رہے یا مخلوط حکومت کا حصہ بنے وہ دونوں صورتوں میں ملک کی سلامتی و بقاء اور جمہوریت کے فروغ کیلئے اپنا کردار ادا کرتی رہے گی۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ پاکستان کو استحکام عطا کرے، ملک پر اچھے اور سچے لوگوں کی حکمرانی قائم کرے اور ملک وقوم کو چور لٹیروں سے نجات دلائے۔اس موقع پر چوہدری شجاعت حسین نے جناب الطاف حسین سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ عام انتخابات میں ایم کیو ایم نے بھاری مینڈیٹ حاصل کیا ہے اور اس کامیابی کے باوجود آپ نے ہمیں نہیں بھلایا اسی طرح میں پورے وثوق سے کہتا ہوں کہ ہم بھی آپ کو کبھی نہیں بھلائیں گے۔سینیٹر مشاہد حسین نے جناب الطاف حسین سے گفتگو کرتے ہوئے جناب الطاف حسین کو عام انتخابات میں ایم کیو ایم کی بھاری اکثریت سے کامیابی پر مبارکباد پیش کی۔انہوں نے کہا کہ میثاق جمہوریت کے حوالے سے آپ نے دلائل کے ساتھ مسلم لیگ نواز گروپ کے دہرے معیار کو اجاگر کیا ہے، مسلم لیگ نواز گروپ نے میثاق جمہوریت کی خلاف ورزی کی ہے اور آپ کے دلائل پیٹریاٹ میزائل کی طرح ہیں جو ٹھیک نشانے پر لگیں گے۔انہوں نے کہا کہ لندن میں ملاقات کے بعد ہماری کراچی آمد سے ایم کیو ایم اور مسلم لیگ (ق) کے درمیان قربت میں اضافہ ہوگا اور مسلم لیگ کراچی کے ذمہ داران وکارکنان بھی ایم کیو ایم کے ساتھ ہیں۔مسلم لیگ (ق) صوبہ سرحد کے صدر امیر مقام نے جناب الطاف حسین سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ میں صوبہ سرحد کے کارکنان وعوام کی جانب سے آپ کو عام انتخابات میں کامیابی پر مبارکباد پیش کرتا ہوں اور یقین دلاتا ہوں کہ کراچی کے پختون عوام بھی آپ کے ساتھ ہیں۔

## الطاف حسین نے سابق وزیراعلیٰ سندھ غلام ارباب رحیم سے انکے بڑے بھائی ارباب عبداللہ کی ناگہانی وفات پر ٹیلی فون تعزیت کی

لندن۔۔2مارچ2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے سابق وزیراعلیٰ سندھ غلام ارباب رحیم کے بڑے بھائی ارباب عبداللہ کی ناگہانی وفات پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیااورارباب رحیم کو ٹیلی فون کر کے ان سے دلی تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ جناب الطاف حسین نے ڈاکٹر ارباب غلام رحیم سے کہا کہ آپ کے بھائی کی اچانک وفات پر بہت دکھ اورافسوس ہوا ہے اور میں اور میرے تمام ساتھی آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرمائے اوران کے درجات بلند فرمائے۔انہوں نے کہا کہ یہ بہت بڑا صدمہ ہے اللہ تعالی آپ کو اور مرحوم کے لواحقین کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔انہوں نے ڈاکٹر ارباب رحیم سے کہا کہ آپ میری تعزیت اپنے گھر والوں اور مرحوم کے لواحقین تک ضرور پہنچادیں۔ڈاکٹر ارباب رحیم نے جناب الطاف حسین کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ آپ کی محبت ہے کہ آپ نے اتنی دور سے فون کر کے ہمارے غم میں شرکت کی۔

## ایم کیوایم پنجاب آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن عنصر علی بٹر نے معروف اداکارہ سنگیتا کی عیادت کی الطاف حسین کی جانب سے خیریت دریافت کی اور گلدستہ پیش کیا

کراچی۔۔2مارچ2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ پنجاب آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن عنصر علی بٹر نے فلمسٹار اور ہدایت کار محترمہ سنگیتا کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا اور لاہور کے مقامی اسپتال جاکر قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے اداکارہ سنگیتا کی عیادت کی اوران کی خیریت دریافت کی۔انہوں نے جناب الطاف حسین کی جانب سے اداکارہ سنگیتا کو گلدستہ پیش اوران کی جلد ومکمل صحتیابی کیلئے جناب الطاف حسین کا پیغام پہنچایا۔محترمہ سنگیتا نے جناب الطاف حسین کی کا شکریہ ادا کیااوران کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔اس موقع پر ایم کیوایم ڈیرہ غازی خان ڈویژن کے ڈپٹی آرگنائزر جنید خان بھی موجود تھے۔

## ملک کی ترقی وخوشحالی اوراستحکام کیلئے ایم کیوایم کسی سے بھی الحاق کرے ہم کھلے دل سے قبول کریں گے، چوہدری شجاعت حسین حالات کے تحت نئے دوست بنتے رہتے ہیں لیکن ہم اپنے پرانے دوستوں کو کبھی فراموش نہیں کریں گے، ڈاکٹر فاروق ستار نائن زیرو پر پاکستان مسلم لیگ (ق) اور متحدہ قومی موومنٹ کے رہنماؤں کی ملاقات کے بعد صحافیوں کو بریفنگ

کراچی۔۔۔2، مارچ2008ء(اسٹاف رپورٹر)۔۔۔پاکستان مسلم لیگ کے صدر چوہدری شجاعت حسین نے واضح کیا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ کوعوام نے جو تاریخی مینڈیٹ دیا ہے اس کے تحت وہ اپنا فیصلہ کرنے میں آزاد ہیں، ملک کی ترقی وخوشحالی اوراستحکام کیلئے ایم کیوایم کسی سے بھی الحاق کرے ہم کھلے دل سے قبول کریں گے جبکہ ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا ہے کہ اگر ہم حکومت میں شامل ہوئے تو بھی اصولی مئوقف پر قائم رہتے ہوئے اپنا کردارادا کریں گے اور 60 برسوں سے مختلف بحرانوں کے نتیجے میں یہ ملک بحرانستان بن چکا ہے اُسے پاکستان بنائیں گے۔انہوں نے ان خیالات کا اظہار متحدہ قومی موومنٹ کے مرکز نائن زیرو پر پر ہجوم میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔قبل ازیں چوہدری شجاعت حسین کی قیادت میں پاکستان مسلم لیگ کا 7رکنی وفد جب نائن زیرو پہنچا تو کارکنان کی بہت بڑی تعداد نے ان کا پرجوش استقبال کیا ۔وفد میں پارٹی کے سیکریٹری جنرل مشاہد حسین سید، امیر مقام، امان اللہ پراچہ، حلیم عادل شیخ، سینیٹر غفار قریشی، طارق حسن شامل تھے۔ایم کیوایم کی جانب سے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار، انچارج رابطہ کمیٹی انور عالم، اراکین رابطہ کمیٹی بابر غوری، شاہد لطیف، اشفاق منگی، نیک محمد، ڈاکٹر عاصم محترمہ ممتاز انوار نے لیگی وفد کو خوش آمدید کہا بعدازاں انتہائی خوشگوار ماحول میں تقریباً ڈیڑھ گھنٹے تک ملاقات جاری رہی، مہمانوں کی تواضع کیلئے پرتکلف ظہرانے کا بھی انتظام تھا۔ملاقات کے دوران متحدہ قومی موومنٹ کے قائد الطاف حسین اور چوہدری شجاعت حسین کے درمیان ٹیلی فونک گفتگو بھی ہوئی۔ملاقات کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے چوہدری شجاعت حسین نے بتایا کہ ایم کیوایم سے ہمارا اتحاد تھا، ہے اور رہے گا مجھے نائن زیرو آنے کا وہ وقت بھی یاد ہے جب ہم یہاں آئے تھے اور آج پھر یہاں کارکنان کی گرم جوشی دیکھ کر خوشی ہوئی ایم کیوایم وہ جماعت ہے جسے نہ صرف سندھ بلکہ پورے پاکستان میں ایک منفرد حیثیت حاصل ہے۔انہوں نے کہا کہ موجودہ سیاسی صورتحال کے تناظر میں جب پیپلزپارٹی کے لوگ بھی ایم کیوایم سے رابطے کررہے

ہیں ہم یہاں اپنی دوستی کا اعادہ کرنے آئیں ہیں ہمارا مقصد ایم کیو ایم کو اپوزیشن میں بیٹھنے کا پابند کرنا نہیں ہے۔ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ ہماری پارٹی سے جس تیزی سے لوگ دوسری جماعتوں میں جارہے ہیں اسی تیزی سے وہ واپس بھی آئیں گے تاہم اپوزیشن میں بیٹھنے کا پاکستان مسلم لیگ نے حتمی فیصلہ کرلیا ہے اور اب ہماری پارٹی کی صحیح معنوں میں تشکیل ہوگی۔مسلم لیگ (ق) کے سیکریٹری جنرل مشاہد حسین نے اس موقع پر کہا کہ ایم کیو ایم کے ذمہ داران و کارکنان نے جس طرح سے ہمارا پرجوش استقبال کیا اس سے لگتا ہے کہ اپوزیشن میں بیٹھنے کا صحیح مزہ اب آئے گا۔انہوں نے کہا کہ تمام سیاسی جماعتوں نے مجموعی طور پر 34 ملین ووٹ حاصل کئے جس میں مسلم لیگ (ق)،ایم کیو ایم اور ہماری دیگر جماعتوں نے 11.5 ملین ووٹ لئے ہیں اور سندھ میں ایم کیو ایم نے 2.5 ملین ووٹ حاصل کئے جو ایک واضح عوامی مینڈیٹ ہے اور عوام کے بھاری ووٹوں کی حامل جماعتیں ملک کی سیاست میں بھی نہایت اہم کردار ادا کریں گی، لیگی رہنما امیر مقام نے اس موقع پر ایم کیو ایم کو شاندار کامیابی حاصل کرنے پر اپنی پارٹی اور سرحد کے عوام کی جانب سے مبارکباد پیش کی۔ بعدازاں رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار نے الطاف حسین، رابطہ کمیٹی اور کارکنان کی جانب سے لیگی رہنماؤں کی نائن زیرو آمد پر انہیں خوش آمدید کہا۔انہوں نے کہا کہ انتخابات کے بعد ملک میں جو سیاسی ماحول سامنے آیا ہے اس کے تحت مختلف جماعتوں کے درمیان رابطے ہورہے ہیں پیپلز پارٹی کے رہنما بھی نائن زیرو آئے تھے جس پر چوہدری شجاعت حسین سے گزشتہ دنوں میری ٹیلی فونک گفتگو ہوئی اور انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم نئے دوست بنانے جارہی ہے کیا پرانے دوستوں کو بھی یاد رکھا جائے گا جس پر ہم نے نہ صرف انہیں نائن زیرو پر کھانے کی دعوت دی بلکہ انہیں گرمجوشی کا یقین دلایا جس کا مظاہرہ انہوں نے اب خود دیکھ لیا ہے اور اب چوہدری شجاعت حسین نے ایم کیو ایم کے وفد کو ملاقات کی دعوت دی ہے جو منگل کو اسلام آباد میں ہوگی۔ڈاکٹر فاروق ستار نے بتایا کہ ہم نے مسلم لیگ کے رہنماؤں پر واضح کیا ہے کہ حالات کے تحت نئے دوست بنتے رہتے ہیں لیکن ہم اپنے پرانے دوستوں کو کبھی فراموش نہیں کریں گے۔انہوں نے کہا کہ اس وقت پاکستان کو جس صورتحال کا سامنا ہے اس کا تقاضہ ہے کہ قومی یکجہتی کی بات کے ساتھ ہی قومی اتفاق رائے بھی پیدا کیا جائے جس کیلئے تمام سیاسی جماعتوں کے درمیان رابطے اور مکالمے ناگزیر ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم کیلئے حکومت یا اپوزیشن میں بیٹھنے کا فیصلہ معنی نہیں رکھتا بلکہ ملک کے عوام کی خوشحالی، جمہوریت و سیاسی جمہوری نظام کے فروغ، انتہاء پسندی، شدت پسندی کے خاتمے، بنیادی سیاسی و سماجی اصلاحات کو درست کرتے ہوئے ایڈھاک ازم کے خاتمے، اقتصادی و سماجی ترقی کے عمل کو تیز کرنے، صوبائی خودمختاری، جاگیردارانہ، وڈیرانہ نظام کے خاتمے، این ایف سی ایوارڈ، پانی کے ذخائر، آٹے بجلی سمیت تمام بحرانوں کے خاتمے کیلئے مسلسل جدوجہد کرنا ہی ہماری ترجیحات اور مقصد ہیں اور اگر ایم کیو ایم نے اپوزیشن میں بیٹھنے کا فیصلہ بھی کیا تو احتجاج و ڈیسکیں بجانے کے بجائے حکومت کو مثبت اقدامات پر عمل کرانے کیلئے پابند کرتی رہے گی یہی ہمارا ایجنڈا ہوگا۔انہوں نے مزید کہا کہ وہ وقت چلا گیا جب محض صوبائی خودمختاری کو وفاق کے استحکام کی علامت کہا جاتا تھا بلکہ قائد تحریک الطاف حسین کا فلسفہ ہے کہ صوبائی خودمختاری ہی وفاق کے استحکام اور ملک کی خوشحالی ترقی کی ضمانت ہے۔انہوں نے کہا کہ جس طرح ایم کیو ایم نے نائن زیرو پر اپنے پرانے دوستوں کا والہانہ استقبال کیا ہے یہ ہمارے متوقع نئے دوستوں کیلئے بھی ایک پیغام ہے کہ جب ہم پرانے دوستوں سے دوستی کو احسن طریقے سے نبھا سکتے ہیں تو نئے دوستوں کو بھی ایسا ہی ماحول فراہم کریں گے۔

## میثاقِ جمہوریت کے حوالے سے الطاف حسین کا قانونی نکتہ پیٹریاٹ میزائل ہے جس نے اپنے ہدف کو ٹھیک ٹھیک نشانہ بنایا ہے

## مسلم لیگ (ق) کے سیکریٹری جنرل مشاہد حسین سید کی نائن زیرو پر صحافیوں کو بریفنگ

کراچی۔۔۔2، مارچ 2008ء (اسٹاف رپورٹر)۔۔۔مسلم لیگ (ق) کے سیکریٹری جنرل مشاہد حسین سید نے 2006ء کو لندن میں ہونے والے میثاقِ جمہوریت میں پی سی او کے تحت حلف اٹھانے والے ججوں کے حوالے سے دی گئی شق نمبر 3 کا ایک اور اس کے الف اور ب کے متعلق متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کے قانونی نکتہ کو ان کا پیٹریاٹ میزائل قرار دیا ہے اور کہا ہے کہ اس میزائل نے اپنے حدف کو ٹھیک ٹھیک نشانہ بنایا ہے۔اتوار کے روز قائد تحریک الطاف حسین کی رہائش گاہ نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی کے ارکان سے ہونے والی ملاقات کے بعد ایم کیو ایم رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار، مسلم لیگ (ق) کے سربراہ چوہدری شجاعت اور دیگر ارکان رابطہ کمیٹی اور مسلم لیگی رہنماؤں کے ہمراہ صحافیوں کو بریفنگ دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ الطاف حسین نے میثاقِ جمہوریت میں پی سی او کے تحت حلف اٹھانے والے ججوں سے متعلق نواز لیگ کے دوہرے معیار پر مشتمل جو قانونی نکتہ اٹھایا ہے اس پر میں نے جناب الطاف حسین سے پوچھا ہے کہ کیا وہ قانون میں ڈگری یافتہ ہیں جو ایسا قانونی نکتہ بیان کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ یہ قانونی نکتہ دراصل ایک پیٹریاٹ میزائل ثابت ہوا ہے جس نے اپنے حدف کو ٹھیک ٹھیک نشانہ بنایا ہے کیونکہ بدقسمتی سے ہمارے ملک میں دوہرا معیار قائم ہے اور پی سی او کے خلاف باتیں کرنے والی جماعتیں خود اپنے ہی میثاق کی شقوں کے خلاف اب معزول ججز کی بحالی کے نعرے لگارہی ہیں، الطاف حسین کی جانب سے جس طرح میثاق جمہوریت کا

اہم ترین نکتہ اٹھایا گیا ہے وہ دوہرے معیار کی حامل جماعتوں کو آئینہ دکھانے کے مترادف ہے۔میڈیا کو بریفنگ کے دوران ایک موقع پر جب ایم کیوایم کے پختون کارکنوں نے پشتوں میں راشہ راشہ الطاف راشہ جیسے نعرے لگائے تو مشاہد حسین سید نے چوہدری شجاعت حسین کو اپنی جانب متوجہ کرتے ہوئے کہا کہ یہ پختون جو نعرے لگا رہے ہیں یہ ایم کیوایم کے اپنے کارکن ہیں،انہیں ہم اپنے ہمراہ یہاں نہیں لائے جس کا جواب چوہدری شجاعت نے اپنی گردن ہلا کر اور مسکرا کر دیا۔اس سے قبل مشاہد حسین سید نے ایم کیوایم کے جدید ترین کمیونی کیشن اینڈ میڈیا مینجمنٹ ونگ کا ونگ کے آرگنائزر حیدر عباس رضوی کے ساتھ دورہ بھی کیا اور اس سے متاثر ہو کر اسے اسٹیٹ آف آرٹ قرار دیا۔اس کا برملا اعتراف انہوں نے بعد ازاں میڈیا کو بریفنگ دیتے ہوئے بھی کیا۔انہوں نے کہا کہ اتنا جدید میڈیا سینٹر انہوں نے ملک بھر کی کسی سیاسی جماعت کے پاس نہیں دیکھا یہ بلاشبہ ایک اسٹیٹ آف آرٹ ہے جس پر ڈاکٹر فاروق ستار،حیدر رضوی اور ان کی میڈیا ٹیم کو مبارکباد دیتا ہوں۔

## ایم کیوایم شعبہ خواتین کی کارکن محترمہ ہما اسلم اور لیبر کونسلر محمد ریاض لودھی کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔2،مارچ 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم شعبہ خواتین نیوکراچی سیکٹر یونٹ 141 کے کارکن محترمہ ہما اسلم اور نیوکراچی ٹاؤن کے حق پرست لیبر کونسلر محمد ریاض لودھی کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا کرے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## حق پرست عوام محترمہ افسر جہاں نیازی کی صحت یابی کیلئے خصوصی دعا کریں،الطاف حسین

لندن۔۔۔2،مارچ 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے روزنامہ جنگ لندن کے مدیر ظہور نیازی کی اہلیہ محترمہ افسر جہاں نیازی کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور ان کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں،بہنوں،بزرگوں اور کارکنوں سے اپیل کی کہ وہ محترمہ افسر جہاں نیازی کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں۔

## ایم کیوایم شعبہ خواتین کی کارکن ہما اسلم،ملیر سیکٹر کے بزرگ کارکن محمد حفیظ شاہ اور نیوکراچی ٹاؤن یونین کونسل کے حق پرست لیبر کونسلر محمد ریاض انتقال کر گئے،رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔2،مارچ 2008ء۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم شعبہ خواتین نیوکراچی سیکٹر یونٹ 141 کی کارکن ہما اسلم،ایم کیوایم ایلڈرز ونگ ملیر کے کارکن محمد حفیظ شاہ اور نیوکراچی ٹاؤن یونین کونسل 7 کے حق پرست لیبر کونسلر محمد ریاض لودھی کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین) دریں اثناء مرحومین کو مقامی قبرستانوں میں سپرد خاک کردیا گیا۔مرحومین کی نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیوایم کے نومنتخب اراکین اسمبلی،حق پرست ٹاؤن ناظمین،یوسی ناظمین،کونسلرز،ایم کیوایم نیوکراچی اور ملیر سیکٹر کمیٹی کے اراکین،کارکنان،ہمدردوں اور مرحومین کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

## جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں منعقدہ ورائٹی پروگرام میں فنکاروں سے الطاف حسین کی ٹیلی فون پر گفتگو فنکاروں کی خوبصورت گائیکی پر انہیں داد وتحسین اور دعاؤں سے نوازتے رہے

کراچی۔۔۔2،مارچ 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ہفتہ کی شب جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں ہونے والے ایم کیوایم لیبر ڈویژن کے

سالانہ لیبر کنونشن کے موقع پر منعقدہ ورائٹی پروگرام میں اپنے فن کا مظاہرہ کرنے والے فنکاروں سے ٹیلی فون کے ذریعے ہم کلام ہوئے اوران کا خیر مقدم کرتے ہوئے دعاؤں سے نوازتے رہے۔ ورائٹی پرگرام میں جب ملک کی نامور غزل گو محترمہ منی بیگم کو پرفارمنس کیلئے دعوت دی گئی تو ان سے ٹیلی فون پر گفتگو کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ آپ کی آواز کے نکھار کو قائم رکھے اور آپ کو خوش رکھے۔گلوکار رحیم شاہ سے گفتگو کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہا کہ رحیم شاہ صوبہ سرحد سے خصوصی طور پرتشریف لائے ہیں۔انہوں نے حاضرین سے اپیل کی کہ وہ رحیم شاہ کا تالیاں بجا کرز بردست استقبال کریں۔گلوکار خالد عمر کیلئے جناب الطاف حسین نے شرکاء سے کہا کہ وہ زور دار تالیاں بجائیں جس پر شرکاء نے زبردست تالیاں بجا کر خالد عمر کو خراج تحسین پیش کیا۔ جناب الطاف حسین نے خالد عمر کو شاباش دی اوران کیلئے دعا کی۔معروف لوک فنکارہ محترمہ شازیہ خشک سے بات چیت کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے ورائٹی پروگرام کے شرکاء کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ سندھ کی بیٹی کا ایسا والہانہ خیر مقدم کریں۔انہوں نے شازیہ خشک کو دعائیں دیتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ آپ کو خوش رکھے، آپ کی عمر دراز کرے اور آپ کی آواز میں مزید نکھار پیدا کرے۔معروف کینڈل ڈانسر اور گلوکار امجد رانا سے ٹیلی فون پر گفتگو کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے انہیں دعا دی کہ اللہ تعالیٰ امجد رانا کو کامیابی عطا کرے۔نامور فنکارہ مشی خان سے گفتگو کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہا کہ آپ پہلی مرتبہ نائن زیرو آئی ہیں لیکن آپ کو یہاں ایسی اپنائیت ملے گی کہ آپ یہاں بار بار آئیں گی۔الرحمٰن الرحیم کی ٹیم کے نمائندے فرحان علی آغا سے گفتگو کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہا کہ پاکستان جس بحران سے گزر رہا ہے اس کا تقاضا ہے کہ ملک بھر کے عوام متحد ہوں اور اپنے اتحاد سے پاکستان کو اس بحران سے نکالیں۔معروف گلوکار نجم شیراز سے گفتگو کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے انہیں دعا دی کہ اللہ تعالیٰ آپ کو خوش رکھے، ترقی وخوشحالی اور مزید عروج عطا فرمائے۔اس موقع پر نجم شیراز نے غزل ''لازم ہے کہ ہم دیکھیں گے، سنائی جس پر جناب الطاف حسین نے انہیں زبردست داد وتحسین دی۔معروف قوال امجد صابری کی جانب سے پڑھے گئے صوفیانہ کلام ''رنگ'' کو جناب الطاف حسین بے حد سراہا اور امجد صابری قوال کو زبردست داد دی۔اس موقع پر ورائٹی پروگرام کے شرکاء نے بھی دل کھول کر تمام فنکاروں کو داد دی اوران کی دلچسپی پروگرام کے اختتام تک برقرار رہی۔

## ایم کیو ایم لیبر ڈویژن کے کنونشن کے موقع پر ورائٹی پروگرام کی جھلکیاں

کراچی۔۔۔2، مارچ 2008ء

☆ متحدہ قومی موومنٹ لیبر ڈویژن کے تحت 21 لیبر کنونشن کے سلسلے میں جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں رنگا رنگ ورائٹی پروگرام کا انعقاد کیا گیا جسے جناب الطاف حسین نے لندن سے ٹیلی فون کے ذریعے براہِ راست سماعت کیا۔

☆ میوزیکل پروگرام میں نوجوانوں، بزرگوں، خواتین اور بچوں نے ہزاروں کی تعداد میں شرکت کی اور پروگرام کے اختتام تک شرکاء کا والہانہ جوش وخروش برقرار رہا۔

☆ میوزیکل پروگرام کا باقاعدہ آغاز ایم کیو ایم کے ترانے ''ساتھی'' سے کیا گیا۔

☆ فنکاروں نے مختلف غزلیں اور گانے سنا کر جناب الطاف حسین سے زبردست خراج تحسین حاصل کی۔

☆ گلوکار رحیم شاہ نے پشتو زبان میں اپنی نئی البم کا گانا بھی گایا جسے شرکاء نے بے حد پسند کیا۔

☆ میوزیکل پروگرام کی کمپیئرنگ کے فرائض بین الاقوامی شہرت یافتہ کمپیئر عمر شریف نے انجام دیئے جن کے طنز ومزاح نے محفل کو گرمائے رکھا۔

☆ ایک موقع پر جب شازیہ خشک کو پرفارمنس کیلئے بلایا گیا تو جناب الطاف حسین نے ''کھڑی نیم کے نیچے'' گیت گنگنایا۔

☆ ورائٹی پروگرام میں شرکاء نے فلک شگاف نعرے بھی لگاتے رہے اس موقع پر ایم کیو ایم کے کارکنان کا مثالی نظم وضبط دیکھنے میں آیا اور تمام فنکاروں نے ایم کیو ایم کے نظم وضبط کی کھلے دل سے تعریف کی۔

☆ جناب الطاف حسین نے ورائٹی پروگرام سے قبل شرکاء سے خطاب کیا۔

☆ ورائٹی پروگرام میں خواتین کی بڑی تعداد نے شرکت کی اس موقع پر فیملی کے ہمراہ آنے والوں کیلئے علیحدہ انکلوژر بنایا گیا تھا۔

☆ ورائٹی پروگرام میں قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہمشیرہ محترمہ سائرہ خاتون، ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار، شیخ لیاقت حسین، رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم اور اراکین رابطہ کمیٹی سمیت نومنتخب حق پرست اراکین قومی وصوبائی اسمبلی نے بھی شرکت کی۔

☆ ورائٹی پروگرام سے قبل ایم کیو ایم لیبر ڈویژن کے انچارج وسیم قریشی نے لیبر ڈویژن کی جانب سے قائد تحریک جناب الطاف حسین کیلئے 21 ویں یوم تاسیس کے موقع

پر جاری کیا گیا سوینئیر پیش کیا جسے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنو ینز ڈاکٹر فاروق ستار نے وصول کیا۔ جبکہ لیبر ڈویژن کے اراکین نے رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم کوسوینئر پیش کیا۔

## ایم کیوایم لیبر ڈویژن کے تحت سالانہ لیبر کنونشن کے موقع پر ورائٹی پروگرام میں منی بیگم، خالد عمر، محمد افراہیم، شازیہ خشک، نجم شیراز، فاخر، امجد صابری اور دیگر نے اپنے فن کا مظاہرہ کیا

کراچی ۔۔۔2، جنوری 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی لیبر ڈویژن کے تحت ہفتہ کے روز 21 واں لیبر کنونشن کے موقع پر رنگارنگ ورائٹی پروگرام میں فلم، اسٹیج اور ٹی وی کے مشہور ومعروف فنکاروں نے کثیر تعداد میں شرکت کی اور اپنے فن کا مظاہرہ کر کے شرکاء سے خوب داد وصول کی ۔ ورائٹی پروگرام کی کمپیئر نگ کے فرائض عمر شریف نے انجام دیئے ۔اس موقع پر معروف فنکار وگلوکار خالد عمر، لائبہ علی، حسن جہانگیر، منی بیگم، محمد افراہیم، انور اقبال، شاہینہ پوری، رحیم شاہ، شازیہ خشک، امجد رانا، مشی خان، سلیم آفریدی، فاخر، فرح حسن، اسماء لتا، فرحان علی آغا، نجم شیراز، حنیف راجہ، شبنم مجید اور امجد صابری نے اپنے فن کا مظاہرہ کیا۔اس موقع پر شرکاء کا جوش وخروش قابل دید تھا اور وہ گانوں کی دھنوں پر دھمال اور بھنگڑے ڈالتے رہے جبکہ ورائٹی پروگرام کے دوران جناح گراؤنڈ ایم کیوایم کے حق میں شرکاء کے فلک شگاف نعروں سے گونجتا رہا۔ پروگرام کی کارروائی بغیر کسی وقفے کے رات گئے تک جاری رہی اور پروگرام میں شرکاء کی دلچسپی اختتام تک برقرار رہی ۔ ورائٹی پروگرام کا اختتام حضرت نظام الدین اولیاء کی شان میں رنگ پڑھ کر کیا گیا۔

## سازندوں کوداد نہ دینا زیادتی ہے، الطاف حسین

کراچی ۔۔۔2، جنوری 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم لیبر ڈویژن کے تحت منعقدہ ورائٹی پروگرام میں فنکاروں کے ساتھ ساتھ سازندوں کو بھی دل کھول کر داد دی۔ ورائٹی پروگرام کے دوران جناب الطاف حسین نے شرکاء سے ٹیلی فون پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہم صرف فنکاروں کو داد وتحسین پیش کرتے ہیں لیکن فنکاروں کی آواز میں مزید نکھار پیدا کرنے والے سازندوں کو کبھی داد نہیں دی جاتی جو کہ سازندوں کے ساتھ زیادتی ہے۔ اس موقع پر انہوں نے جناح گراؤنڈ میں موجود ہزاروں شرکاء سے کہا کہ وہ سازندوں کیلئے ایسی تالیاں بجائیں جو انہوں نے کبھی نہ سنی ہو۔جس پر شرکاء نے زبردست تالیاں بجا کر تمام سازندوں کو خراج تحسین پیش کیا۔شرکاء کی تالیوں کا سلسلہ کافی دیر تک جاری رہا۔

☆☆☆☆☆